**اچھی بات**

شک کی دیمک صدیوں پرانے
تعلق کو بھی کھوکھلا کر دیتی ہے۔

# خبرنامۂ فوکس

اردو کے طلبہ وطالبات کی تعلیمی پیش رفت اور کارکردگی کا عکاس

حضرت علی فرماتے ہیں: "اچھے لوگوں کی ایک خوبی یہ بھی ہوتی ہے کہ انھیں یاد رکھنا نہیں پڑتا (بلکہ) وہ یاد ہی رہتے ہیں۔"

Jan 2019 Vol:2 Issue No: 7 | Page 1 | KHABAR NAMA-E-FOCUS | صفحہ ۱ | جنوری ۲۰۱۸ء جلد(۲) شمارہ(۷)

# طلبہ وطالبات کے مختصر مضامین

## اسمارٹ فون کے ذریعے اردو کتابت کا کام مضمون نگار طلبانے ہی انجام دیا

## ماں اور باپ کی اہمیت



**سارا احمد، جماعت ششم بی**

- ہمیں ماں باپ کی مدد کرنا چاہیے۔
- ہمیں قابل بنانے کے لیے وہ بہت زیادہ محنت کرتے ہیں۔
- ہمیں ماں باپ سے بدتمیزی بالکل نہیں کرنی چاہیے مت بھولیں انہوں نے ہی آپ کو بات کرنا سکھایا۔
- ہمارے ماں باپ کی تعریف بیان کرنے کے لیے ہزاروں الفاظ بھی کم ہے۔
- ماں باپ ہمارا سہارا ہیں جب ہم کوئی مصیبت میں گرفتار ہوتے ہیں تو وہ ہماری مدد کرتے ہیں۔
- بعض بچے جب بڑے ہو جاتے ہیں وہ اپنے والدین کو بوجھ سمجھ تے ہیں اور انھیں اولڈ ایج ہوم میں ڈال دیتے ہیں۔ جو کہ بہت غلط ہے۔
- ہم اتنے مصروف ہو جاتے ہیں اپنے کام میں کی ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ ہمارے ماں باپ بوڑے ہوں رہے ہیں۔
- کوئی بھی آپ کو آپ کے ماں باپ سے زیادہ پیار بالکل نہیں دے سکتا۔

## مثالی طالب علم



**زہرا فاطمہ، جماعت ششم بی**


- ایک اچھا طالب علم بننے کے لیے بزرگوں کی عزت کرنی چاہیے۔
- اپنا کام وقت پر کرنا چاہیے۔
- استاد کی عزت اور اس کی پیروی کرنی چاہیے۔
- سب کی مدد کرنی چاہیے۔
- کسی کے بارے میں برا مت سوچو۔
- ہمیشہ اچھی سوچ رکھنا چاہیے۔
- ہمیں ذمہ دار شخص بنا چاہیے۔
- ہمیں بہادر بنا چاہیے۔
- ہمیشہ سب کو خوش کرنا چاہیے۔
- سب سے اچھی بات کرنی چاہیے۔

## خدا کی شان



**کلثوم فاطمہ، جماعت ششم بی**

خدا بہت رحم کرنے والا ہے۔ اس جیسا رحم کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ خدا نے ہمیں نعمتیں عطا کی ہیں۔ اس نے دن اور رات بنائے۔ اس نے جو بھی چیز بنائی ہے وہ کام کی ہے۔ میں ایک سوال پوچھنا چاہتی ہوں کیا آپ ایک انار کے دانے دانے کو جوڑ سکتے ہیں؟ آپ جواب دیں گے: نہیں۔ کوئی نہیں جوڑ سکتا ہے۔ خدا کی شان و قدرت اتنی ہے کہ وہ لمحوں میں ہر کام کر سکتا ہے اس کی شان و قدرت عظیم ہے۔ خدا کی نعمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ جس کا ہم حساب نہیں کر سکتے۔ جسے ہم تاروں کو گن نہیں سکتے۔ اسی طرح ہم خدا کی نعمتوں کا شمار بھی نہیں کر سکتے۔




## اچھی باتیں



**سیدہ علینہ رشدہ، جماعت ششم بی**

- ہمیں اچھے کام کرنا چاہیے۔
- ہمیں دوسروں سے ادب سے پیش آنا چاہیے۔
- ہمیں خدا کی عبادت کرنی چاہیے۔
- خدا سب سے بڑا ہے ہمیں خدا کی اطاعت کرنی چاہیے۔
- ہمیں ہر دن نماز پڑھنا چاہیے۔
- ہمیں روز قرآن پڑھنا چاہیے۔
- ہمیں غریبوں کی مدد کرنی چاہیے۔
- خدا ہی ہے جو سب کچھ کر سکتا ہے۔
- خدا نے ہم سب کو بنایا ہے۔
- خدا نے ہم سب کو مسلمان بنایا ہے۔
- ہمیں اچھے گھر میں پیدا کیا ہے اور ہمیں اچھے ماں باپ عطا فرمائے۔
- ہمیں ان نعمتوں پر خدا کا شکر ادا کرنا چاہئے۔

## فوکس ہائی اسکول دارالشفاء میں "اسمارٹ فون کے ذریعے ہم کیسے اردو، ہندی اور تلگو زبان کا تحفظ اور ترویج کر سکتے ہیں؟" کے زیر عنوان ایک نشست کا انعقاد




۱۹ ڈسمبر ۲۰۱۸ء بروز چہار شنبہ ایک نشست بعنوان " اسمارٹ فون کے ذریعے ہم کیسے اردو، ہندی اور تلگو زبان کا تحفظ اور ترویج کر سکتے ہیں؟" منعقد ہوئی جس میں طلبہ وطالبات اور ان کے سرپرستوں نے شرکت فرمائی۔ اگر اولیائے طلبا چاہیں تو دوبارہ اس نشست کا انعقاد عمل میں آسکتا ہے۔

## ماں باپ سچے دوست



**خدیجہ فاطمہ، جماعت ہفتم اے**

میرے ماں باپ بہت اچھے ہیں۔ میرے ماں باپ مجھ سے محبت کرتے ہیں۔ میرے بابا میرے کام میں بہت ساتھ دیتے ہیں۔ ماں باپ ہمارے اچھے دوست ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنے والدین سے سب کچھ بتانا چاہیے۔ والدین ہماری پرورش میں زحمت اٹھاتے ہیں۔ والدین کو کوئی تکلیف نہیں دینی چاہیے اور ان کی ہر بات سنی چاہیے۔

## کھیل کے فائدے



**محمد مظفر الدین معاذ، جماعت ہفتم**

کھیل زندگی کا ایک اہم حصہ ہے۔ کھیل سے انسان صحت مند رہتا ہے۔ کھیلنے کے لیے جب انسان صبح اٹھتا ہے تو اس بہانے سے کی نماز فجر بھی ادا ہو جاتی ہے۔ جو انسان بہت کھیلتا ہے اسے چاہیے کہ وہ ضروری اور مناسب غذا کھائے۔ آج کل لوگوں میں کھیلنے کا شوق بہت کم نظر آرہا ہے اور اس کی وجہ ہے اسمارٹ فون ہے۔

## فوکس ہائی اسکول



**محمد فرحان جعفر، جماعت ہفتم اے**

میرے اسکول کا نام فوکس ہائی اسکول ہے۔ پڑھنا بہت ضروری ہے، اگر ہم نہیں پڑھیں گے تو ہم کو اچھی جاب نہیں ملے گی۔ اگر ہم نہیں پڑھیں گے تو ہم زندگی میں ترقی نہیں کر سکتے۔ ہم کو استاد کی عزّت کرنی چاہیے۔ ہمیں اچھے دوست بنانا چاہیے۔ ہم بہت خوش قسمت ہیں کہ ہمیں فوکس ہائی اسکول میں پڑھنا نصیب ہوا۔ ہم کو اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔